نقشہ نمبر 4
www.alehsaan.com
abussaif@yahoo.com
0092 321 5172522

قوت وضعف کے اعتبار سے خبر آحاد کی تقسیم

مقبول

صحیح

حسن

مردود

بنیادی اسباب حدیث کے ضعیف ہونے

سند سے کسی راوی کا ساقط ہونا

سقوط ظاہر

معلق

مرسل

معضل

منقطع

سقوط مخفی

مدلس

أن يروى الراوى عمن سمعه مالم يسمع منه من غير أن يذكر أنه سمعه منه يعنی وہ حديث جس کا راوی اپنے ایسے استاذ سے روایت کرے جس سے اس نے اور روایات سنی هیں لیکن یہ والی روایت براہ راست نہیں سنی اور لفظ ایسا استعمال کرے جس سے بظاهر گمان هو رها هو کہ شاید اس نے یہ روایت بهی براہ راست سنی هے.

مرسل خفی

أن يروى عمن لقيه أو عاصره مالم يسمع منه بلفظ يحتمل السماع وغيره كـ" قال"

یعنی وہ حدیث جسے راوی کسی ایسے شخص سے نقل کرے جس سے اس کی معاصرت کے باوجود سماع ثابت نہ هو

حکم : ضعیف هے اس لئے کہ اس میں انقطاع هے

مثال

حاکم نے علی بن خشرم سے روایت کیا هے کہ هم سے ابن عیینہ نے بیان کیا عن الزهری کہ کر تو ان سے پوچها گیا کہ کیا آپ نے زهری سے سنا هے تو انهوں نے انکار کیا اور کها نہ میں نے زهری سے سنا هے اور نہ هی اس سے سننے والوں سے بلکہ میں نے تو عبد الرزاق سے سنا هے اور انهوں نے معمر کے واسطے سے زهری سے سنا.

کسی راوی پر جرح کا ہونا

جرم یا ضعف کے اسباب

عدالت (دیانت داری) میں کمي کي بنیاد پر اسباب

(1) **كذب** جھوٹ

(2) **تهمة الكذب** جھوٹ کی تہمت

(3) **فسق** فسق

(4) **بدعة** بدعت

(5) **الجهالة** راوی کا مجہول ہونا

ضبط (قوت حافظہ) میں کمي کي بنیاد پر اسباب

(1) **فحش الغلط** غلطیاں کثرت سے کرتا ہو اور غلطیاں بھی بہت بڑی ہوں

(2) **سوء الحفظ** حافظہ کا کمزور ہونا۔اور بات کو خلط ملط کر دیتا کر دینا

(3) **الغفلة** روایت کرنے میں غفلت سے کام لینا

(4) **كثرة الأوهام** وہم بہت زیادہ کرتا ہو

(5) **مخالفة الثقات** ثقہ راویوں کی مخالفت کرتا ہو

مردود آحادیث بسبب طعن در راوی

موضوع

هو الكذب المختلق المصنوع المنسوب إلى رسول الله ﷺ

یعنی وہ جھوٹی بات جس کی نسبت رسول الله ﷺ کی طرف کردی جائے

متروک

وہ حدیث جس کی سند متهم بالکذب هو

منکر

وہ حدیث جس کا راوی فحش الغلط یا شدت غفلت یا فسق کے ساتھ متصف هو

یا

وہ حدیث جس میں ضعیف راوی ثقہ راوی کے مخالف روایت کرے

نوٹ : ضعیف حدیث کي اور بهي بهت سي أقسام هیں اور عام طور پر باقي تمام أقسام کے لئے لفظ"ضعیف " هي استعمال هوتا هے ، بنیادي بات ذهن میں رکهني چائے کہ سند کے متصل نہ هونے یا اسباب ضعف میں سے کوئي بهي سبب پایا جائے تو حدیث ضعیف هوجاتي هے جس پر عمل کرنا جائز نهیں هوتا

www.alehsaan.com

All Rights Reserved.www.alehsaan.com